# سوال

(578)اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقال ہوگیا      الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقال ہوگیا۔ اور ہندہ لاولد ہے۔ایک حقیقی خالہ اوردو حقیقی خالہ ذاد بہنیں اوریہی حقیقی دونوں بہنیں چچازاد بہنیں ہوتی ہیں۔اوردو حقیقی پھوپھی کی اولاد جن میں سے ایک پھوپھی کی اولاد میں ایک لڑکا ہے۔دوسری پھوپھی کی اولاد میں س دولڑکے ایک لڑکی ہے۔اورجس قدر نقدی وزیور ہندہ نے چھوڑا ہے۔وہ عمر سے پہلے خاوند کا مہر ہے۔

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حسب فتویٰ علم وراثت ہندہ کے مال کے پانچ حصے ہوں گے۔ایک حصہ حقیقی خالہ کوملے گا۔چار (دو۔دو) ہر ایک پھوپھی کوملیں گے۔خالہ زاد بہنیں محروم۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص550

محدث فتویٰ